ہمالیہ، نیپال، بنگال، آسام، برما اور انڈیا کے سینکڑوں سال پرانے قدیم طلسمی اعمال کا خزانہ

# زُلفِ بنگال

## बाल बंगाल



پنڈت گووَر دَھن

(ہمالہ پربت)


**KUTUB KHANA SHAN-E-ISLAM**

Rahat Market, Urdu Bazar, Lahore.(pakistan)

0321-4363585 . 0349-4648900 . 0337-1440030 . 042-37351120

# ZULF-E-BANGAL



| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| 40 | انمول سچی محبت پیدا کرنا اور شادی کے لیے رضامند کرنا | 27 |
| 41 | محبت کا چلتا جادُو۔ حیرت انگیز عمل بنگالہ | 28 |
| 42 | تسخیر عورت، تسخیر مَرد، تسخیر عالم | 29 |
| 43 | جاہ وحشمت، عزت، رُعب ودَبدبہ، اپنی بات منوانا | 30 |
| 44 | تصویر یا استعمال شدہ کپڑے پر لکھنے والا محبت کا مجرب عمل | 31 |
| 45 | مَرد کی بے پناہ محبت اور تسخیر کا خاص عمل | 32 |
| 46 | ناراض خاوند، بیوی یا محبوب سے صلح اور شدید محبت کا عمل | 33 |
| 47 | عورت کو مسخر کرنا | 34 |
| 48 | خاوند بیوی میں ایسا پیار کہ دُنیا رشک کرے | 35 |
| 49 | تسخیر مَرد (عورتوں کے لیے) | 36 |
| 51 | محبوب کو محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا | 37 |
| 52 | محبوبہ کو اپنا بنانا، شادی کے لیے رضامند کرنا | 38 |
| 53 | دو دل ایک جان۔ بے مثال محبت | 39 |
| 55 | عورت کو اپنی طرف مائل کرنا اور اُس میں شہوت کی آگ بھڑکانا | 40 |
| 56 | محبوب کو اپنے عشق اور محبت کے خمار میں مبتلا کرنا | 41 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 12 | مَردکے دل میں محبت اور شادی کیلئے رضامند کرنا | 24 |
| 13 | خاوند بیوی میں جھگڑے ختم کرکے بے پناہ محبت پیدا کرنیوالا عمل | 25 |
| 14 | کسی کو اپنے پیار عشق اور محبت میں گرفتار کرنا | 26 |
| 15 | مَرد کی تسخیر کا حیرت انگیز عمل | 27 |
| 16 | محبت و تسخیر عورت | 28 |
| 17 | عورت کی شہوت کو بھڑکانا | 29 |
| 18 | عشق اور محبت میں سرشار کرنا | 30 |
| 19 | محبوب کی کسی سے محبت ختم کرکے اپنی محبت میں مبتلا کرنا | 31 |
| 20 | عمل محبت وکشش | 33 |
| 21 | محبت کا خاص عمل | 34 |
| 22 | مغرور اور حسین عورت کو اپنی محبت میں بے قرار کرنا | 35 |
| 23 | عمل برائے محبت وجنسی طاقت | 36 |
| 24 | شادی کے لئے لڑکی کو منانا اور محبت پیدا کرنا | 37 |
| 25 | خوبصورت اور مغرور محبوب کو اپنا دیوانہ بنانا | 38 |
| 26 | خلقت کی تسخیر، ہردلعزیز ہونا، دُشمن پر خوف طاری | |

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محبت وَشی کرن | 13 |
| 2 | محبت، کشش سمبھوگ | 14 |
| 3 | محبوب کو اپنے عشق میں دیوانہ اور بے قرار کرنا | 15 |
| 4 | محبت اور شادی کے لیے رضامند کرنا | 16 |
| 5 | طلسم محبت، پسند کی جگہ شادی | 17 |
| 6 | طلسم تسخیر مرد یا شوہر | 18 |
| 7 | محبوب کو منانا۔اپنی بات منوانا | 19 |
| 8 | حصولِ محبت واُلفت کے لیے بنگال کا جادُو | 20 |
| 9 | طلسم محبت، تسخیر، بات منوانا | 21 |
| 10 | محبت، شادی اور شہوت کا خاص عمل | 22 |
| 11 | عمل تسخیر عورت ومحبت | 23 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 72 | طلاق۔جُدائی۔نفرت وعداوت کرانا | 96 |
| 73 | کسی پر کوئی بندش لگانا | 97 |
| 74 | کسی بھی کام کی بندش لگا دینا | 98 |
| 75 | عورت کی کوکھ باندھنا | 99 |
| 76 | دُشمن،اُس کا کاروبار اور جائیداد تباہ | 100 |
| 77 | ظالم دُشمن بیمار ہو اور سزا پائے | 101 |
| 78 | موذی دُشمن کی ہلاکت کا عمل | 103 |
| 79 | ظالم اور خطرناک دُشمن کے گھر میں ہوائی چیزیں مسلّط کرنا | 105 |
| 80 | دُشمن پر رُعب،دَبدبہ،طاقت اور کامیابی | 106 |
| 81 | ظالم دُشمن کو جو سزا چاہیں وہی ملے | 107 |
| 82 | کوکھ بندی کا عمل | 108 |
| 83 | دُشمن سے حفاظت،دُشمن کا وار اور جادُو واپس پلٹانا | 109 |
| 84 | کسی پر جن بھوت پریت مسلّط کرنا | 111 |
| 85 | سفلی شیطانی جن کی تسخیر | 113 |
| 86 | کسی کے تابع ہمزاد کو اپنے تابع کرنا | 114 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 57 | ظالم دُشمن کا خاتمہ | 75 |
| 58 | عمل تباہی دُشمنان | 77 |
| 59 | ظالم کو بیمار مفلوج اور لاچار کرنا | 79 |
| 60 | جُدائی ڈالنے، طلاق کروانے اور نفرت ڈالنے کا عمل | 80 |
| 61 | عداوت۔جُدائی۔طلاق اور بندش لگانے کا عمل | 81 |
| 62 | دُشمن پر خوف وہیبت پیدا کر کے شکست دینا | 83 |
| 63 | طلاق، عداوت، جُدائی کرانا | 84 |
| 64 | ہلاکتِ دُشمن | 85 |
| 65 | دُشمن کے خاتمے مفلوج کرنے اور ہلاکت کا عمل | 86 |
| 66 | خطرناک دُشمن کی تباہی اور شہر بدر کرنے کا حیرت انگیز عمل | 87 |
| 67 | دُشمن پر بندش لگا کر شکست دینا | 89 |
| 68 | عشق ومحبت، شادی کی بندش، جُدائی، طلاق کرانیوالا ہانڈی کا عمل | 90 |
| 69 | بندش، زبان بندی، نظر بندی، جُدائی کرانا | 91 |
| 70 | کسی پر چڑیل مسلط کرنا۔خوفزدہ کرنا۔مخالف کو بھگانا | 93 |
| 71 | ہر قسم کی بندش لگانے کا چلتا جادُو | 95 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 42 | تسخیرِ مرد | 57 |
| 43 | مرد کو اپنی طرف راغب کرنا | 58 |
| 44 | کسی کو گھر میں روکنا یا کسی جگہ جانے سے روکنا | 59 |
| 45 | عمل محبت و نکاح اور بندش نکاح | 61 |
| 46 | خاوند بیوی کے جھگڑوں کا خاتمہ کرنا اور ان میں محبت بڑھانا | 62 |
| 47 | حُسن خوبصورتی، کشش، محبت | 63 |
| 48 | بیرون ملک گئے کو واپس بلانا | 64 |
| 49 | تسخیر و محبت | 65 |
| 50 | کسی کے دل میں اپنے لیے عشق و محبت کی آگ بھڑکانا | 66 |
| 51 | کسی مرد یا عورت کے دل میں بے پناہ محبت پیدا کرنا | 67 |
| 52 | ناراض اور روٹھے ہوئے افراد کی صلح کرانا، آپس میں محبت بڑھانا | 68 |
| 53 | محبت میں فریفتہ کرنے کا عمل خواتین کے لیے | 69 |
| 54 | عورت کو اپنی محبت میں گرویدہ کرنا اور نکاح کے لیے منانا | 71 |
| 55 | بیرون ملک سے واپس بلانا، مطلوب کو حاضر کرنا | 72 |
| 56 | سفر سے روکنا۔ طلسم قدم بندی | 73 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 116 | طلسم حصول نوکری اور ویزہ | 147 |
| 117 | مَن پسند عُہدہ۔کاروبار میں عروج ملازمت میں ترقی | 148 |
| 118 | برائے ترقی ملازمت تسخیر افسران | 149 |
| 119 | کاروبار اور ملازمت میں ترقی اور ہر کام میں کامیابی | 150 |
| 120 | انتخابات میں کامیابی، حصولِ اقتدار، وزارت صدارت بادشاہت | 151 |
| 121 | زمین میں دفن شُدہ قدیم خزانے اور زیورات کا پتہ لگانا | 152 |
| 122 | تسخیر، محبت، شادی، کاروبار، ترقی، لاٹری حصولِ جائیداد | 153 |
| 123 | عیش ونشاط کی زندگی | 154 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 102 | جوان، حسین خوبصورت اور پُر کشش بننے کا عمل | 132 |
| 103 | جاذبی دلکشی اور پریوں جیسا حُسن | 133 |
| 104 | زمین یا جائیداد کا قبضہ چھڑانا، دُشمن کو بھگانا | 134 |
| 105 | چوری اور غصب شُدہ مال اور جائیداد واپس لینا | 135 |
| 106 | قبضہ کرنا۔ جگہ خالی کرانا یا خریدنا | 136 |
| 107 | کسی جگہ یا زمین سے قبضہ چھڑوانا | 137 |
| 108 | قبضہ کی جگہ خالی کروانا | 138 |
| 109 | زمین، جائیداد کا قبضہ چھڑوانا، اپنا حق حاصل کرنا | 139 |
| 110 | عہدہ یا ملازمت میں ترقی۔ قسمت۔ مال و دولت۔ خزانہ۔ لاٹری پرائز بانڈ۔ انعامی سکیم۔ فتح و نصرت | 141 |
| 111 | کاروبار کی ترقی۔ لاٹری۔ قسمت۔ پرائز بانڈ۔ جیت | 142 |
| 112 | نوکری اور کاروبار میں ترقی۔ قسمت لاٹری کمیٹی میں کامیابی | 143 |
| 113 | لاٹری، پرائز بانڈ اور قسمت کا خاص عمل | 144 |
| 114 | لاٹری پرائز بانڈ، کمیٹی وغیرہ کا عمل | 145 |
| 115 | طلسم برائے لاٹری۔ قسمت۔ پرائز بانڈ۔ کامیابی | 146 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 87 | کسی اور کے تسخیر کیئے ہوئے ہمزاد کو اپنے قابو میں کرنا | 115 |
| 88 | طاقتور جن کو اپنے تابع کرنے کا عمل | 117 |
| 89 | جن بُھوت آسیب کو حاضر کرنا یا اُتارنا | 118 |
| 90 | آسیب جنّات اور بُھوت پریت کا خاتمہ | 119 |
| 91 | آسیب، جنّات، بھُوت پریت سایہ سے چھٹکارہ | 121 |
| 92 | کسی عامل یا جادُوگر کا عمل سلب کر دینا اور بیکار کر دینا | 122 |
| 93 | آسیب جن بُھوت پریت سایہ کا علاج | 123 |
| 94 | فلیتہ برائے آسیب | 124 |
| 95 | آسیب سایہ، کنکر، مٹی، خون کے چھینٹے وغیرہ ختم کرنا | 125 |
| 96 | گھر سے جادُو کا خاتمہ | 126 |
| 97 | آسیب، بدروحوں سے نجات، دُشمن کو بھگانا | 127 |
| 98 | بُری وباء بیماری اور آفات سے حفاظت | 128 |
| 99 | ہر قسم کے مرض سے شفاء | 129 |
| 100 | مریض کی صحت یابی کا عمل | 130 |
| 101 | عمل حصولِ اولاد | 131 |


# عورت کی کوکھ باندھنا

یہ عمل تامل ناڈو اور بنگال کا قدیم عمل ہے۔ اس عمل میں عورت کی سُو باندھ دی جاتی ہے کہ وہ بچہ پیدا نہ کر سکے اور بے اولاد رہے۔ ایسے عمل زیادہ تر دُشمن عورتیں ہی کرتی ہیں۔ اپنی سوکن کے لیے یا کسی ایسی عورت کے لیے جسے طلاق دلوانی ہو۔ جس عورت کی کوکھ باندھنی ہو اُس کے پہنے ہوئے کپڑے کے ٹکڑے کے ساتھ یہ طلسم لپیٹ کر جلایا جاتا ہے۔ اس طرح کے ناجائز کام کسی بھی مذہب میں قابل اجازت نہیں۔ اگر کوئی غلط ارادے سے کرے گا تو وبال میں ہوگا۔



# محبت، کشش، سمبھوگ

کسی خاص عورت یا مرد کو اپنے وش میں کرنے اور اُس کے دل میں جنسی خواہش اور شہوت پیدا کرنے والا عمل ہے۔ ناپاک حالت میں یہ تعویز لکھ کر مطلوب کا نام 31 بار بول کر نقش پر پھونک دیں اور نقش اپنے جسم پر رگڑیں اور پھر کسی وزنی پتھر کے نیچے دبا دیں۔ اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا پاس ہو تو اُس پر بھی یہ لکھا جا سکتا ہے۔ بہت جلدی اثر والا عمل ہے۔ مطلوب مست و بے قرار ہو کر آ کر بغل گیر ہو گا۔



# محبت، وَشی کرن

وشی کرن اور محبت کے لیے بہت خاص عمل ہے۔ مطلوب عشق کے بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے اور طالب کے گرد ایسے گھومتا ہے جیسے پھول پر شہد کی مکھی۔ اس عمل کو سبز کاغذ یا سبز ریشمی کپڑے پر مطلوب کے نام کے ساتھ لکھیں اور پاس رکھیں۔





# طلسم محبت، پسند کی جگہ شادی

پسند کی جگہ شادی کرنے، مطلوب کے دل میں بے پناہ محبت پیدا کرنے، مطلوب کو یا والدین کو شادی کے لیے راضی کرنے کا خاص عمل ہے۔ زعفرانی سیاہی سے طلسم لکھ کر طالب و مطلوب کے نام لکھ کر اندھیری جگہ پر رکھیں۔ عود اور لوبان کا بخور جلائیں۔ اسی طرح سات روز یہ عمل کریں۔ طالب اور مطلوب میں بے انتہا محبت و اُلفت پیدا ہوگی اور شادی میں ہر قسم کی رکاوٹ ختم ہوگی۔



# عمل محبت اور شادی کے لیے رضامند کرنا


اگر کوئی مَرد کسی عورت کی محبت حاصل کرنے اور اُسے شادی کے لیے رضامند کرنے کے لیے یہ طلسم پیر یا بدھ کے روز دوپہر کو سفید کاغذ یا سفید کپڑے پر لکھ کر ساتھ اُس عورت کا نام اور اپنا مقصد لکھے اور کسی وزنی چیز تلے دبا دے تو وہ عورت فوراً اُس مَرد کی محبت میں بے قرار ہو اور شادی کے لیے رضامند ہو۔



# محبوب کو اپنے عشق میں دیوانہ اور بے قرار کرنا

سنگ دل، لاپرواہ اور بے وفا محبوب کو اپنے عشق میں بے قرار کرنے اور اُس کے دل میں اپنے پیار کی آگ بھڑکانے کے لیے یہ نقش مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے یا گلابی کاغذ پر لکھ کر اوپر مطلوب کا نام لکھ کر پھولوں والے پودے کی جڑ میں دبا دیں۔ اگر عورت نے مَرد کے لیے کرنا ہے تو موتیے کے پودے اور اگر مَرد نے عورت کے لیے کرنا ہے تو گلاب کے پودے کی جڑ میں دبائیں بہت جلد اثر ہوگا۔






# حصولِ محبت واُلفت کیلئے بنگال کا جادو


اگر کسی مَرد نے عورت کے لیے یا کسی عورت نے مَرد کے دل میں اپنی محبت اور عشق کی آگ لگانی ہو تو مطلوب کے پہنے ہوئے جامے پر جو پہننے کے بعد دُھلا نہ ہو یا اُس کے استعمال شدہ کپڑے کے ٹکڑے پر یہ طلسم لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تھوڑے ہی عرصے میں مطلوب عشق کی آگ میں مبتلا ہو کر دیوانہ وار چلا آئے۔ اور طالب کی اطاعت کرے۔






# محبوب کو منانا۔ اپنی بات منوانا

محبوب سے اپنی بات منوانے اور اپنے تابع کرنے یا شادی کے لیے رضامند کرنے کے لیے یہ نقش پیر، منگل یا بدھ کے روز دوپہر کے وقت لکھ کر ساتھ محبوب کا نام لکھ کر اپنے بازو پر باندھیں۔ مَرد دائیں بازو پر اور اگر عورت مَرد کے لیے کرے تو بائیں بازو پر باندھے۔




# طلسم تسخیر مرد یا شوہر

اگر کوئی عورت کسی مَرد کی بے پناہ محبت چاہتی ہو کہ وہ اُس کے بنا اور کا نہ ہو یا کسی عورت کے خاوند کے پیار میں کمی آ گئی ہو یا اُس کا خاوند غیر عورتوں کی طرف راغب ہو تو عورت یہ طلسم لکھ کر نیچے مَرد کا نام لکھ کر اپنے گھر میں موجود پودے، درخت یا گملے کی جڑ میں دبا دے تو مَرد میں بے پناہ محبت پیدا ہو گی اور وہ اُس عورت کے بنا ایک پل نہیں رہ پائے گا اور وفادار رہے گا۔



# عمل تسخیر عورت و محبت

اگر کوئی مَرد چاہے کہ فلاں عورت صرف اُسی سے محبت کرے اور اس کے علاوہ کسی اور کو دیکھے بھی نہیں تو اِس طلسم کو اُس عورت کے پہنے ہوئے کپڑے پر زعفران یا سُرخ روشنائی سے لکھے اور اُوپر اپنا اور اُس کا نام اور دونوں کی ماؤں کا نام لکھ کر اندھیری جگہ پر کسی صندوق میں رکھ کر طاق لگا دے۔ وہ عورت بے دام غلام بن جائے گی اور اُس مَرد کے علاوہ کسی اور کو دیکھے گی بھی نہیں۔




# محبت، شادی اور شہوت کا خاص عمل

حصول محبت اور خاص جگہ پر شادی کرنے کے لیے یہ طلسم بہت مجرب ہے اس طلسم کو سفید کاغذ یا سفید کپڑے پر مطلوب کے نام کے اعداد کے ساتھ لکھ کر اچھی طرح موم جامہ کر کے انار یا آم کے درخت سے لٹکائیں۔ مرد ہو یا عورت اُن کی شہوت و محبت ایک دوسرے کی طرف بہت بڑھ جائے گی کہ وصال کے بنا چین نہ آئے گا۔




## طلسم محبت، تسخیر، بات منوانا

اگر کسی کے دل میں اپنے لیے محبت پیدا کرنی ہو یا اس سے کوئی کام لینا ہو یا اپنی بات منوانی ہو تو یہ نقش چاند کی ابتدائی تاریخوں میں زعفران سے اپنے ہاتھ پر لکھ کر اس سے وہ ہاتھ ملا کر مصافحہ کریں یا اسی ہاتھ کے اشارے سے سلام و آداب کریں۔




# مَرد کی تسخیر کا حیرت انگیز عمل

اگر کوئی عورت کسی مَرد کے دل میں اپنی محبت کی آگ لگانا چاہے اور اُسے اپنا گرویدہ بنانا چاہے تو یہ طلسم اپنے بالوں میں لگائے یا اپنے لباس کے اندر سی کر سامنے جائے یا اُس مَرد کی تصویر کے پیچھے یہ طلسم لگائے۔ سات روز کے اندر مَرد ہزاروں میل دُور بھی ہوگا تو کھنچا چلا آئے گا۔




# کسی کو اپنے پیار عشق اور محبت میں گرفتار کرنا

پورن ماشی کی رات یعنی چاند کی چودھویں رات نقش پر مطلوب کے نام کے اعداد لکھ کر پاس رکھیں اور اگلے دن صبح کسی نہر دریا یا بہتے صاف پانی میں نقش بہادیں تو مطلوب کے دل میں طالب سے بھی زیادہ پیار عشق اور محبت پیدا ہوا اور وہ ایک اشارے پر جان نثار کرنے پر تیار ہو۔ مرد عورت کے لیے اور عورت مرد کے لیے یہ عمل کر سکتے ہیں۔



## مَرد کے دل میں محبت اور شادی کیلئے رضا مند کرنا

اگر کوئی عورت کسی خاص مَرد کے دل میں اپنے لیے بے پناہ محبت پیدا کرنا چاہے اور شادی کے لیے رضا مند کرنا ہو تو یہ تعویز کالی روشنائی میں گلاب اور گیندے کے پھول کی پتیاں ڈال کر کاغذ پر لکھے اور تعویز پر مَرد کا نام لکھ کر کسی درخت یا پودے سے باندھ دے۔ بہت جلد مَرد کے دل میں اُس عورت کے لیے بے پناہ محبت اور شادی کی خواہش پیدا ہوگی۔




# عشق اور محبت میں سرشار کرنا

اگر یہ طلسم چاند کی پہلی تاریخ سے چودہ تاریخ تک کسی بھی روز مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کے ٹکڑے پر لکھ کر یا گلابی کاغذ پر مطلوب کے نام کے اعداد کے ساتھ لکھ کر بڑی موم بتی کے گرد لپیٹ کر موم بتی جلائیں تو مطلوب طالب کے پیار اور محبت میں مست اور سرشار ہو جائے اور ملن کے بعد بقیہ ساری زندگی اُس کے سوا کسی اور کا نہ ہو سکے۔




# عورت کی شہوت کو بھڑکانا

اگر کوئی مرد یہ طلسم کستوری یا صندل کی خوشبو شامل کر کے لکھے اور اپنی کمر سے باندھ کر عورت کے پاس جائے تو عورت کے دل میں اُس شخص کے مِلن کی چاہت پیدا ہو اور اُس میں شہوت کی آگ بھڑک اٹھے۔ طلسم صرف ایک عورت کے لیے موثر ہوگا۔



# محبت و تسخیر عورت

کسی عورت کی تسخیر اور محبت پانے کا خاص عمل اس عمل کو اُس عورت کے پہنے لباس پر لکھیں پھر ایک پتلا لے کر وہ لکھا ہوا کپڑا اس پُتلے پر لپیٹ دیں اور اندھیری جگہ رکھیں۔ وہ عورت دیوانہ وار حاضر ہوگی۔



# عمل محبت و کشش

محبوب کے دل میں محبت اور عشق کا خمار پیدا کرنے کے لیے پیر، بدھ کے روز یہ نقش لکھ کر اوپر محبوب کا نام لکھ کر بازو پر باندھیں۔ اگر مَرد عورت کے لیے لکھے تو دائیں بازو پر اور اگر عورت مَرد کے لیے لکھے تو بائیں بازو پر باندھے۔ پیار عشق اور محبت کا جادُو سر چڑھ کر بولے گا۔ ایک دوسرے کے لیے مقناطیسی کشش پیدا ہوگی۔






# محبوب کی کسی سے محبت ختم کر کے اپنی محبت میں مبتلا کرنا

یہ ایک حیرت انگیز عمل ہے۔ اس میں کسی کی محبت کسی اور سے ختم کر کے اپنے لیے پیدا کی جاتی ہے۔ اگر کسی مَرد یا عورت نے اپنے مطلوب کی کسی اور سے محبت ختم کروانی ہو اور اُسے اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو تو یہ طلسم لکھ کر صرف مطلوب کا نام لکھ کر اپنے گھر میں کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دے۔ بہت جلد مطلب پورا ہوگا۔






# عمل برائے محبت و جنسی طاقت

اِس شکتی شالی عمل کا پریوگ وہ لوگ کرتے ہیں جو ایک وقت میں بہت سی عورتوں کی خواہش رکھتے ہیں۔ نیپال، برما اور بنکاک کے پنڈت اور رئیس اِس عمل کو کام میں لاتے تھے۔ یہ طلسم چاند کی تیرہ، چودہ یا پندرہ تاریخ کو لکھ کر جو شخص اپنی ران سے باندھ لے تو خوبصورت عورتیں اُس کی دیوانی ہوں اور اُس شخص کے ایک حکم پر جان دینے کو تیار ہو جائیں۔




# مغرور اور حسین عورت کو اپنی محبت میں بے قرار کرنا

مردانہ طاقت میں اضافہ اور عورت کی محبت کے لیے ایک خاص قدیم بنگالی طلسم ہے۔ اگر کوئی مَرد کسی بہت مغرور خود سَر اور حسین عورت کو اپنے تابع کرنا چاہے تو یہ نقش چاند کی پہلی تاریخ سے چودہ تاریخ تک کسی بھی روز لکھے اور اپنے منہ میں چھوٹی الائچی رکھے اور اُس عورت کا نام منہ میں آہستہ سے 101 بار بولے اور نقش اپنے بستر کے نیچے رکھے۔ وہ عورت اُس شخص کی چاہت میں بے قرار ہوگی اور جب تک اُس شخص سے نہ ملے گی بے چین رہے گی۔



# محبت کا خاص عمل


بنگال کا خاص جادُو ہے۔ محبوب کے دل میں طالب کے لیے ایسی محبت پیدا ہو کہ وہ ایک پل بھی اُس کے بغیر نہ رہ سکے۔ عروجِ ماہ میں چار نقش تیار کریں مطلوب اور محبوب کے نام کے اعداد لکھ کر ایک نقش سر سبز درخت سے لٹکا دیں۔ ایک نقش صاف بہتے پانی میں بہا دیں۔ ایک نقش کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دیں اور ایک نقش آگ میں جلائیں۔ پھر تماشہ دیکھیں۔



# خلقت کی تسخیر، ہر دلعزیز ہونا، دُشمن پر خوف طاری

لوگوں میں ہر دلعزیز ہونے، خلقت کی تسخیر اور لوگوں کی نظروں میں قابل احترام اور تعریف کے لائق بننے کے لیے یہ طلسم چاند کی تیرہ، چودہ یا پندرہ تاریخ کو بنا کر اپنے پاس رکھا جاتا ہے۔ قدیم زمانے میں راجے مہاراجے اور وزیر یہ طلسم تیار کروا کے اپنے پاس رکھتے تھے۔


বান চালান
১৪ দিনের মধ্যে শত্রুর শেষ




নিয়মাবিধি:
অমাবস্যা রাতে একা ঘরে বসে একটি
কলা পাতার উপর প্রেমক আকন্দরাব খালি দিয়ে
নকশাটি অংকন করিবে
বাণ চালাও এই নকশাটি শত্রুর চোখের সামনে
দাফন করিলে ১৪ দিনের মধ্যে
শত্রুর মৃত্যু হবে. শরীর অবশ হবে.
কাউকে বান মারিবেন না নিজে বিপদিত
হতে পারে


# خوبصورت اور مغرور محبوب کو اپنا دیوانہ بنانا

چاند کی پہلی، ساتویں یا چودھویں تاریخ کو دو طلسم لکھ کر نقش کی دوسری جانب محبوب کے نام کے اعداد لکھ کر ایک نقش گلاب کے پودے کی جڑ میں دبائیں اور دوسرا نقش اپنے جسم کے ساتھ پھیر کر جلائیں اور اُس کی راکھ مطلوب کے گھر کی دیوار یا مطلوب کے راستے میں پھینک دیں۔ حیرت انگیز طور پر بہت جلد مطلوب شدید محبت میں مبتلا ہو کر تابع داری کرے گا۔ زبردست اور قدیم بنگالی جادو ہے۔




# شادی کیلئے لڑکی کو منانا اور محبت پیدا کرنا

اگر کوئی شخص کسی خاص جگہ شادی کرنا چاہتا ہو یا لڑکی کو شادی کے لیے منانا ہو تو اس طلسم پر لڑکی کے نام کے اعداد لکھ کر اُس کی گزرگاہ میں دبا دے اور ایک طلسم پر لڑکی کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھ لے۔ لڑکی کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور وہ شادی کے لیے رضامند ہوگی۔



# تسخیرِ عورت، تسخیرِ مَرد، تسخیرِ عالم


عورت یا مَرد کی تسخیر، فتوحات، سلطنت، بادشاہت اور عالم کی تسخیر کا بے مثال عمل ہے۔ یہ نقش چاندی کے پترے پر کُھدوا کر پاس رکھیں۔ عنبر اور عود کی دھونی دیں۔ گیارہ روز میں تسخیر ہوگی۔



# محبت کا چلتا جادُو۔ حیرت انگیز عمل بنگالہ


چاند کی پہلی چودہ تاریخوں میں کسی بھی روز یہ مکمل تعویز لکھ کر ساتھ طالب و مطلوب کے نام لکھ کر یا انکے نام کے اعداد لکھ کر بازو پر باندھ لیں تو ان دونوں میں بے انتہا محبت اور عشق کا خمار پیدا ہو جائے۔ دو دل ایک جان ہو جائیں۔ مرد عورت کے لیے دائیں بازو پر اور عورت مرد کے لیے بائیں بازو پر باندھے۔





# انمول سچی محبت پیدا کرنا اور شادی کے لیے رضا مند کرنا

تسخیر، محبت اور شادی کے لیے منانے کے لیے یہ عمل اپنی مثال آپ ہے۔ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ مرد ہو چاہے عورت، پیار کا دعویٰ تو کرتے ہیں۔ بہت سبز باغ دکھاتے ہیں مگر شادی کرنے میں ٹال مٹول کرتے ہیں۔ ایسے میں کسی کے دل میں حقیقی محبت پیدا کرنے اور شادی کے لیے رضا مند کرنے کے لیے یہ طلسم عروج ماہ میں لکھ کر ساتھ طالب اور مطلوب کے نام اور مقصد لکھ کر آٹے کے پیڑے میں ڈال کر وہ پیڑا کسی نہر، قدرتی تالاب یا دریا میں ڈال دیں۔




# مَرد کی بے پناہ محبت اور تسخیر کا خاص عمل


اگر کوئی عورت کسی مَرد کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہے تو عطر عنبر سے یہ نقش اپنے بدن پر لکھے اور مطلوب مَرد کا تصور رکھے۔ ایک یا دو عمل میں ہی زبردست تسخیر ہوگی۔




# تصویر یا استعمال شدہ کپڑے پر لکھنے والا محبت کا مجرب عمل

کسی مرد یا عورت یا خاوند بیوی کی آپس میں شدید محبت بڑھانے کا مجرب عمل ہے۔ایک نقش مرد کے استعمال شدہ کپڑے پر یا تصویر پر اور دوسرا نقش عورت کے پہنے ہوئے استعمال شدہ کپڑے یا تصویر پر لکھ کر یا کاغذ پر لکھ کر ساتھ جوڑ کر ایک ہی کمرے میں اکٹھے رکھ دیں۔ بہت جلد اُن کا مِلن ہوگا اور آپس میں بے انتہا محبت پیدا ہوگی۔ مجرب عمل ہے۔







(عورت کے کپڑے پر یا تصویر پر)




# جاہ وحشمت، عزت، رُعب ودبدبہ، اپنی بات منوانا

حصولِ جاہ وحشمت، رُعب ودبدبے کے لیے پاس رکھیں۔ اس طلسم کو چاندی کے پترے پر کُھدوا کر اپنے پاس رکھیں۔ لوگ عزت سے پیش آئیں۔ ہر محفل کی جان آپ ہونگے آپ کی کسی بات سے کوئی انکار نہیں کرے گا۔




# خاوند بیوی میں ایسا پیار کہ دُنیا رشک کرے

یہ بہت طاقتور طلسم ہے۔ طالب اور مطلوب کے درمیان بے پناہ محبت پیدا ہوتی ہے۔ خاوند اور بیوی میں محبت بڑھانے کے لیے لاجواب عمل ہے۔ دن دوگنی رات چگنی محبت بڑھتی ہے۔ پیر، بدھ یا جمعہ کے روز یہ طلسم لکھ کر طالب کا نام لکھ کر مطلوب اپنے بازو سے باندھے۔ میاں بیوی کی محبت کے لیے طلسم اُن کے پلنگ کے نیچے چپکا دیں۔ اگر میاں بیوی ساتھ نہ ہوں اور ایک دوسرے سے دُور ہوں تو طلسم پر دونوں کے نام لکھ کر آٹے کے پیڑے میں لپیٹ کر بہتے صاف پانی نہر یا دریا وغیرہ میں بہا دیں۔ بہت ہی جلد خاوند بیوی میں ایسا پیار ہوگا کہ دُنیا رشک کرے گی۔




# عورت کو مسخر کرنا

اس طلسم کی بدولت مَرد اُس عورت کو بھی مسخر کرسکتا ہے جو کسی عمل سے تسخیر میں نہ آتی ہو۔ اس طلسم کو مطلوبہ عورت کے استعمال شدہ کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر بتی بنا کر جلائے اگر کپڑا میسر نہ ہو تو مَرد طلسم پر اپنے اور مطلوبہ عورت کے نام کے اعداد لکھ کر طلسم کو جلائے۔ پیر، بدھ اور اتوار کو ایک ایک طلسم جلائے۔



# ناراض خاوند، بیوی یا محبوب سے صلح اور شدید محبت کا عمل

ناراض خاوند، بیوی یا محبوب کو منا کر آپس میں بے انتہا محبت اور پیار کے لیے یہ نقش اور طلسم پیر یا بدھ کے روز زعفرانی سیاہی سے لکھ کر اپنا اور ناراض شخص کا نام نقش کے دائیں بائیں لکھ کر اپنے گھر میں کسی وزنی چیز کے نیچے دبا کر رکھیں۔ بہت جلد ناراضگی ختم ہوگی اور آپس میں پیار خلوص کا دلی جذبہ پیدا ہوگا۔



# محبوب کو محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنا


مطلوب کو اپنی طرف مائل کرنے اور محبت میں بے قرار کر کے حاضر کرنے کے لیے دو طلسم بنا کر دونوں پر اپنے اور مطلوب کے نام کے اعداد لکھ کر ایک نقش پھل دار درخت یا پھول دار پودے سے لٹکائیں اور دوسرا نقش مور کے پَر کے ساتھ باندھ کر اپنے پاس رکھیں۔ محبوب کی حاضری کا خاص عمل ہے۔





# تسخیرِ مَرد (عورتوں کے لیے)

یہ عمل اس عورت کے لیے ہے جس کا مطلوب یا محبوب بے وفائی کا مرتکب ہو۔ عورت اپنے بدن پر زعفران سے یہ تعویز لکھے۔ ساتھ مطلوب کا نام بھی لکھے۔ تعویز ہاتھ، بازو، ران یا کمر پر لکھا جا سکتا ہے۔ عورت خود بھی تعویز لکھ سکتی ہے۔





# دو دل ایک جان ۔ بے مثال محبت

دو دلوں کے درمیان بے پناہ محبت پیدا کرنا اور اجنبی افراد کو اپنا بنانا اس طلسم کی معمولی بات ہے۔ اِس طلسم کو کاغذ پر یا مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر پاس رکھیں۔ بہت جلد اثر والا عمل ہے۔



# محبوبہ کو اپنا بنانا، شادی کیلئے رضامند کرنا


کوئی مَرد چاند کی طاق تاریخ کو طلسم پر محبوبہ کا نام لکھ کر مور کے پَر میں لپیٹ کر گھر میں موجود پودے یا درخت کی ٹہنی سے لٹکا دے تو اُس کی محبوبہ اس کے پیار میں بے قرار ہو۔ شادی کے لیے رضامند ہو اور شادی میں ہر رکاوٹ ختم ہو۔





# تسخیرِ مَرد

اگر کوئی عورت کسی مَرد کے دل میں اپنے لیے بے پناہ محبت پیدا کرنے کی خواہش رکھے تو وہ یہ نقش وطلسم صندل کی لکڑی عرقِ گلاب میں ڈبو کر اپنی ران پر لکھے یا اپنی کمر پر لکھوالے۔ مَرد کے دل میں اُس عورت کے لیے شدید محبت اور کشش پیدا ہوگی۔




# محبوب کو اپنے عشق اور محبت کے خمار میں مبتلا کرنا

اگر کوئی مرد یا عورت اپنے محبوب کے لیے چاند کی پہلی سے چودہ تاریخ تک کسی روز یہ طلسم لکھ کر اُس پر اپنے اور محبوب کے نام کے اعداد لکھ کر پاس رکھے تو محبوب چاہے نزدیک ہو یا ہزاروں میل دُور ہو محبت اور عشق کی آگ میں بیتاب ہوگا۔ اور ملن کے لیے بے قرار ہوگا۔




# عورت کو اپنی طرف مائل کرنا اور اُس میں شہوت کی آگ بھڑکانا

اگر کوئی مَرد اس طلسم کو عرق گلاب میں ڈبو کر اپنے لباس کے نیچے کمر یا ران سے باندھ لے اور اپنی محبوبہ کے سامنے جائے تو وہ اُس مَرد کے پیار میں دیوانی مستانی ہوگی اور عورت میں شہوت کی آگ بھڑک اُٹھے گی اور وہ مکمل طور پر اس مَرد کے بس میں ہوگی۔ یہ طلسم چاند کی پہلی بدھ کو بنایا جاتا ہے۔











# کسی کو گھر میں روکنا یا کسی جگہ جانے سے روکنا

اس طلسم کے اثرات بہت عجیب و غریب ہیں اگر کوئی عورت گھر میں نہ ٹکتی ہو یا کوئی گھر سے بھاگ جاتا ہو یا کسی کو یہ خدشہ ہو کہ فلاں مَرد یا عورت اُس کو چھوڑ جائے گا یا اگر کوئی بیرون ملک جا رہا ہو اُس کو روکنا ہو تو اِس طلسم کو لکھ کر اُوپر اُس شخص کا نام لکھ کر کسی وزنی پتھر یا کسی وزنی چیز کے نیچے دبا کر رکھیں۔




# مَرد کو اپنی طرف راغب کرنا

اگر کوئی عورت خالص عرق گلاب میں اُنگلی ڈبو کر یہ طلسم اپنے بدن پر لکھ کر جس مَرد کی محبت چاہے اُس کا نام لکھے تو اُس مَرد کے دل میں اُس عورت کی ایسی کشش اور محبت پیدا ہو کہ دُنیا کی ہر عورت کو چھوڑ کر وہ اُس عورت سے آ ملے۔ یہ طلسم چاند کی پہلی، ساتویں اور چودھویں تاریخ کو لکھے۔ کُل تین بار یہ طلسم لکھا جائے گا۔



# حُسن خوبصورتی، کشش، محبت

قدیم زمانے میں مہاراشٹر اور کھٹمنڈو کے علاقوں کی خواتین یہ اپنے بدن میں خوبصورتی، حُسن، کشش پیدا کرنے اور کسی مَرد کو اپنے تابع کرنے کے لیے یہ طلسم اپنے زیر جامے پر لکھ کر پہنتی تھیں۔ آج بھی انڈیا اور نیپال کے بعض علاقوں کی خواتین اپنے بدن کی خوبصورتی اور کشش کے لیے اور مَرد کی محبت کے لیے یہ حیرت انگیز نقش خفیہ طور پر زیر جامے (انڈر ویئر) پر لکھ کر پہنتی ہیں۔



# خاوند بیوی کے جھگڑوں کا خاتمہ کرنا اور ان میں محبت بڑھانا

اس طلسم کی بدولت میاں بیوی میں بے حد محبت پیدا ہوتی ہے اور نا اتفاقی، جھگڑا، عداوت ختم ہو جاتی ہے۔ اگر بیوی لڑ کر میکے جا بیٹھی ہو وہ بھی واپس آئے گی۔ یہ عمل خاوند بیوی کے لیے اور بیوی خاوند کے لیے بھی کر سکتی ہے۔ طالب اور مطلوب کے نام نقش پر لکھ کر طالب نقش اپنے پاس رکھے۔



| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 77 | ٩٩ | 33 | ١١١١ | ٤٢ | ٧ | 4 | ١١ | 77 |
| 22 | ںں | SS |  | | | ۱۱ | ٥ں | ZS |
| سس | ٤ٹ | ٣٣ | | | | ٢٢ | 88 | ٥٩٥ |
| ش٥ ب | ١١٥ ب | ٣٠٢ ںب | | | | ععو | ٨و | ٦ل |
| سو | ٩٥٩٥ | 36 | ١٣ | ٤٧ | ماو | ٥س | پیہ | س |

# عمل محبت و نکاح اور بندش نکاح

اس طلسم کی بدولت کسی کے دل میں محبت پیدا کی جاتی ہے اور اس مَرد یا عورت پر بندش بھی لگائی جاتی ہے کہ وہ کسی اور کی طرف مائل نہ ہو جائے یہ عمل خاص اُس جگہ کیا جاتا ہے جہاں شادی نکاح کرنا ہو اور منگنی یا بات ہوئی ہو اور خدشہ ہو کہ منگنی یا رشتہ ختم نہ ہو جائے۔ طلسم پر مَرد اور عورت کے نام لکھ کر طلسم تالے میں پرو کر تالا بند کر کے سنبھال کر چھپا کر رکھ دیں۔



# کسی کے دل میں اپنے لیے عشق و محبت کی آگ بھڑکانا

مَرد نے کسی عورت کو یا عورت نے کسی مَرد کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو یا اُس کے دل میں اپنے لیے عشق و محبت کی ایسی آگ بھڑکانی ہو کہ ایک لمحہ بھی اُس کے لیے جدائی سہنا مشکل ہو جائے تو طالب کو چاہئے کہ وہ یہ طلسم کالی روشنائی سے لکھ کر مطلوب کے نام کے اعداد لکھ کر طلسم کو انار کی لکڑی کے ساتھ باندھے اور کچی ہانڈی میں ریت ڈال کر طلسم والی لکڑی ریت میں ڈالے اور ہانڈی ہلکی آنچ پر رکھے۔ جیسے جیسے طلسم کو گرمی پہنچے گی مطلوب کے دل میں عشق و محبت کی آگ بھڑکے گی۔ ایک ہی طلسم سے سورج طلوع ہونے کے وقت تین دن عمل کرے۔



# تسخیر و محبت

اگر کوئی عورت صندل کی قلم اور زعفران سے یہ طلسم اپنے بازو یا ران پر لکھ کر جس مَرد سے ہمبستری کرے وہ مَرد باقی ساری زندگی کسی دوسری عورت کی طرف نہ دیکھے گا۔ یہ عمل خاص طور پر اُن خواتین کے لیے ہے جن کے خاوند دوسری عورتوں کی طرف رغبت رکھتے ہیں۔



# بیرون ملک گئے کو واپس بُلانا

اگر آپ کا مطلوب و محبوب بیرون ملک گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو نقش بازو پر لکھیں اور اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ نقش مِٹ جائے تو پھر لکھ لیں، اِس طرح 11 دن عمل کریں، مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر واپس آئے گا۔




# محبت میں فریفتہ کرنے کا عمل خواتین کے لیے


یہ طلسم خاص طور پر خواتین کے لیے ہے اگر کوئی عورت یہ چاہے کہ فلاں مَرد اُس پر دل وجان سے فریفتہ ہو اور اُس کی محبت میں سرشار رہے تو اِس طلسم کو بنا کر نیچے اس مَرد کا اور اپنا نام لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ وہ مَرد ہزار جان سے شیدا و فریفتہ ہو گا۔



## ناراض اور روٹھے ہوئے افراد کی صلح کرانا، آپس میں محبت بڑھانا


روٹھے ہوؤں کو منانے، صلح کرانے، جھگڑے ختم کرنے اور آپس میں پیار و محبت بڑھانے کے لیے مقناطیسی اثرات کا حامل نقش ہے۔ دوپہر کے وقت دو نقش لکھ کر جن کے مابین صلح کرانی ہو یا دوستی اور محبت بڑھانی ہو اُن کے نام لکھ کر گیندے کے پھولوں والے پودے کی جڑ میں دبائیں اور پودے کو پانی لگائیں۔ دونوں نقوش پر ایک ایک فرد کا نام لکھیں۔





# کسی مرد یا عورت کے دل میں بے پناہ محبت پیدا کرنا


یہ عمل ایک جناتی طلسمی عمل ہے۔ عروجِ ماہ میں دو طلسم لکھ کر ساتھ طالب اور مطلوب کے نام کے اعداد لکھ کر ایک نقش درخت سے لٹکائیں اور دوسرا نقش اپنے پاس رکھیں۔ سخت سے سخت دل انسان کے دل میں لمحوں میں محبت پیدا کرنا اس طلسم کی خوبی ہے۔ مطلوب محبت میں مبتلا ہو کر طالب کے پاس حاضر ہوتا ہے۔



# بیرون ملک سے واپس بلانا، مطلوب کو حاضر کرنا

مطلوب کو بیرون ملک سے یا کسی دوسرے شہر سے بلانے اور محبت میں بے قرار کرنے اور جدائی ختم کر کے شربت دیدار پینے کے لیے یہ نقش اتوار کے روز لکھ کر سبز کپڑے میں لپیٹ کر کسی پھول دار پودے سے باندھ دیں۔ نقش کے اوپر مطلوب کا نام بھی لکھیں۔

نام مطلوب



# عورت کو اپنی محبت میں گرویدہ کرنا اور نکاح کیلئے منانا


اگر کوئی مرد کسی عورت کو اپنی طرف مائل کرنا اور اُسے اپنی محبت میں گرویدہ کرنا چاہے یا اُس سے نکاح کرنے کے لیے اُسے منانا چاہے تو یہ نقش دوپہر کے وقت لکھ کر ساتھ عورت کا نام لکھ کر گھر میں وزن تلے دبا دے اور عود یا گوگل کی دھونی دے۔





# سفر سے روکنا۔ طلسم قدم بندی


اگر کسی کو سفر سے یا بیرون ملک جانے سے روکنا ہو تو یہ طلسم قدم بندی لکھ کر مذکورہ شخص کے استعمال شدہ کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر جلا دیں اور راکھ گھر کی دہلیز پر پھینک دیں۔





# ظالم دُشمن کا خاتمہ


اگر کوئی ایسا ظالم اور خطرناک دُشمن ہو کہ اس کی کارستانیوں سے بچاؤ کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو اس کے خاتمہ کے لیے اِس طلسم کو لکھ کر دُشمن کا تصور کر کے مرگھٹ کی خاک اوپر ڈال کر زمین میں دبا دیں۔
چند روز میں دُشمن کا خاتمہ ہوگا۔





# عمل تباہی دُشمنان


اگر دُشمن حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور اس سے بچاؤ کی کوئی صورت نہ ہو تو اِس طلسم کو آخری ہتھیار کے طور پر استعمال کریں۔ اس سے دُشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔ دوپہر سے مغرب کے درمیان کڑوے تیل کا مٹی کا چراغ جلائیں اور تین طلسم بنا کر دُشمن کا تصور کر کے تینوں طلسم چراغ میں جلائیں۔ بعد میں چراغ توڑ دیں۔ تین دن عمل کریں۔





# ظالم کو بیمار مفلوج اور لاچار کرنا

دُشمن کی ایزارسانی سے بچنے اور اُسے مفلوج، بیمار اور لاچار کر کے پلنگ پر ڈال دینے کے لیے یہ طلسم اتوار یا منگل کے روز لکھ کر اور دُشمن کا نام لکھ کر طلسم کے چاروں کونوں پر سیہ جانور کے کانٹے چبھو کر طلسم کو چھپا کر رکھ دیں۔ اگر دُشمن اپنی سیاہ کاریوں سے باز آ جائے اور اُسے درست کرنا ہو تو کانٹے طلسم سے نکال دیں۔ جب تک کانٹے پیوست رہیں گے دُشمن بیمار اور لاچار رہے گا۔



# جدائی ڈالنے، طلاق کروانے اور نفرت ڈالنے کا عمل

اگر کسی مرد عورت کے درمیان جدائی ڈلوانی ہو یا ان کی آپس میں محبت کی بجائے نفرت ڈلوانی ہو یا ان کے درمیان طلاق دلوانی ہو تو یہ نقش اتوار یا منگل کے روز کالی روشنائی سے لکھ کر ساتھ نقش کے اوپر دونوں افراد کے نام لکھ کر کالی ڈوری میں لپیٹ کر آبادی سے باہر ویران جگہ پر درخت کی ٹہنی سے لٹکا دیں تو بہت جلد عداوت جدائی یا طلاق واقع ہو جائے۔

বিচ্ছেদ করা



# عداوت۔جدائی۔طلاق اور بندش لگانے کا عمل


اماوس کی تاریخوں (چاند کی آخری تین تاریخیں) میں یہ طلسم تیار کر کے نیچے ان اشخاص کے نام لکھیں جن میں جدائی ڈالنی ہو یا اگر کسی پر کوئی بندش کرنی ہو تو جس کام کی بندش کرنی ہے وہ طلسم پر ہاتھ کے پاس تالے کے نیچے لکھیں اور طلسم کو بہتے پانی میں بہا دیں یا سُوکھے درخت سے لٹکا دیں یا ویران جگہ پر مٹی میں دبا دیں تو آناً فاناً جدائی اور بندش ہو جائے۔






# دُشمن پر خوف وہیبت پیدا کر کے شکست دینا


بدترین دُشمن کی مکاری سے بچنے اور ظالم کے دل میں اپنا خوف اور ہیبت ڈالنے اور ظلم سے باز رکھنے کے لیے یہ نقش اور طلسم لکھ کر اوپر دُشمن کے نام کے اعداد لکھ کر کانٹوں والے تھوہر کے پودے یا کسی اُجڑے ہوئے سُوکھے درخت کے تنے کے ساتھ یا جس جگہ کھنبیاں ہوں اُس جگہ دبا دیں۔ بہت جلد دُشمن پر خوف وہیبت پیدا ہوگی۔ اور اُسے شکست ہوگی۔






# طلاق، عداوت، جُدائی کرانا

دو اشخاص کے درمیان نفرت، عداوت و جدائی ڈالنے کے لیے یہ طلسم بہت مجرب ہے اس طلسم کے ذریعے ناجائز تعلق ختم کروانا، طلاق و جُدائی معمولی کام ہیں۔ جن دو اشخاص کے درمیان نفرت، جدائی یا طلاق کروانی ہو اُن کے نام اِس طلسم کے نیچے لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ بہت جلد اُن میں عداوت و جدائی ہوگی۔




# ہلاکتِ دُشمن

ظالم اور خطرناک دُشمن کی ہلاکت کے لیے اور اُسے اُس کے ظلم کا بدلہ دلوانے کے لیے یہ نقش مچھلی کے اوپر موٹے الفاظ میں لکھ کر دُشمن کا تصور کر کے مچھلی کو آگ کے کوئلوں میں بھون کر سیاہ کر کے ساڑ (جلا) دیں اور پھر اُس مچھلی کو آبادی سے باہر ویران جگہ پر پھینک دیں تو دُشمن اپنے انجام کو پہنچے۔




# دُشمن کے خاتمے مفلوج کرنے اور ہلاکت کا عمل


ظالم اور خطرناک دُشمن کو مفلوج کرنے اور ہلاکت تک پہنچانے کے لیے قدیم ہند کے عامل پنڈت یہ عمل کرتے تھے۔ یہ نقش اتوار یا منگل کے روز اُلّو کے خون سے لکھ کر جلایا جاتا ہے اور اِس کی راکھ دُشمن کے گھر کے پاس یا دُشمن کے راستے میں پھینک دی جاتی ہے۔



# خطرناک دُشمن کی تباہی اور شہر بدر کرنے کا حیرت انگیز عمل


اتوار یا منگل کے روز یہ طلسم بنا کر ساتھ دُشمن کے نام کے اعداد لکھ کر جلائیں اور اُس کی راکھ دُشمن کے راستے میں پھینک دیں تو دُشمن تباہ و برباد ہو اور وہ اپنے ظلم کی سزا پائے اور جلد ہی شہر چھوڑ جائے۔





# دُشمن پر بندش لگا کر شکست دینا


دُشمن پر بندش لگانے، اُس کے طرح طرح کے مسائل میں جکڑے جانے اور شکست دینے کے لیے یہ عمل چاند کی طاق تاریخ میں دُشمن کا نام اور جو بندش لگوانی ہو وہ نیچے لکھ کر طلسم کو کیل یا کانٹے میں پرو کر ڈبی میں بند کر کے رکھ دیا جائے تو بندش لگ جاتی ہے۔ جب بندش ختم کرنی ہو تو طلسم کو کیل کانٹے میں سے نکال دیا جاتا ہے۔



# عشق و محبت، شادی کی بندش، جُدائی، طلاق کرانیوالا ہانڈی کا عمل

کسی عورت پر یا مَرد اور عورت دونوں پر محبت، تعلقات، شادی کی بندش لگائی ہو یا اُن کی جدائی یا طلاق کرانی ہو تو یہ نقش اتوار یا منگل کے روز لکھ کر ساتھ جن پر بندش لگائی ہو اُن کے نام کے اعداد لکھ کر کچی ہانڈی میں پانی ڈال کر اُس میں تعویز ڈال کر اتنا پکائیں کہ سارا پانی جل جائے۔ پانی خشک ہو جانے پر ہانڈی توڑ دیں۔ بندش، جدائی، طلاق جو بھی کام ہو گا پورا ہو گا۔

ভালোবাসার জন্য তর বাড়িতে রাখবো
ওদের মা বাবার নাম দিবো




۱۱ ۱۱ ۲۷ ۹۹ ۴ ۱۱۱ ۱۱ ۱۱ ۲

۲۸ ۱۱۰۱۱ ۵۹

# بندش، زبان بندی، نظر بندی، جُدائی کرنا

اگر دُشمن کی زبان بندی، نظر بندی یا کسی بھی قسم کی بندش کرنی ہو یا آپس میں عداوت یا جدائی کرانی ہو تو یہ طلسم تین عدد بنا کر دُشمن کے نام کے اعداد لکھ کر جس کام کی بندش کرنی ہو یا جُدائی والوں کے نام کے اعداد لکھ کر ایک نقش اتوار کے روز ایک پیر کے روز اور ایک منگل کے روز ڈنڈا تھوہر کے پودے کی جڑ میں دبا دیں۔





# کسی پر چڑیل مسلّط کرنا۔ خوفزدہ کرنا۔ مخالف کو بھگانا


کسی شخص پر یا کسی گھر میں ڈراؤنی چڑیل مسلّط کرنی ہو، مخالف کو کسی جگہ سے نکالنا ہو یا خوفزدہ کرنا ہو تو یہ طلسم اماوس کی تاریخوں میں بنا کر دُشمن کے نام کے اعداد لکھ کر ساتھ اُلو کے پنجوں کے چار ناخن رکھ کر جلائیں اور راکھ اُس جگہ یا اُس گھر میں گرا دیں۔ چڑیل اُس شخص یا گھر پر مسلّط ہو کر اتنا ستائے گی کہ دُشمن خوفزدہ ہو کر وہ جگہ ہی چھوڑ جائے۔






# ہر قسم کی بندش لگانے کا چلتا جادُو

کاروبار، دُکان، کارخانہ، فیکٹری، گاڑی، مشین، چکی، سفر، ترقی، ملازمت، محبت، شادی، مردانہ طاقت یا عورت کی شہوت غرض کسی بھی چیز پر بندش لگانے کے لیے حیرت انگیز چلتا جادُو ہے۔ اتوار یا منگل کے روز اُلو کے پَر سے یہ تعویز لکھ کر ساتھ جو بندش لگانی ہو وہ لکھ کر تعویز کو کسی وزنی چیز کے نیچے دبا کر رکھ دیں۔ جب بندش ختم کرانی ہو تو تعویز نکال کر جلا دیں۔




# طلاق۔ جُدائی۔ نفرت وعداوت کرانا

دولوگوں کی آپس میں نفرت وعداوت اور جُدائی ڈالنے، طلاق دلوانے اور مخالف دُشمن کو ذلیل وخوار کرنے کا عمل ہے۔ چاند کی طاق تاریخ میں طلسم پر دونوں افراد کے نام لکھ کر طلسم پر کانٹا یا کیل چبھو کر اچھی طرح زمین میں گاڑ دیں تو اُن دونوں افراد میں جُدائی، عداوت، طلاق، علیحدگی وغیرہ ہو جائے گی۔ عمل صرف جائز مقصد کے لیے کیا جائے۔




# کسی پر کوئی بندش لگانا

کاروبار، ترقی، سفر، ملازمت کی بندش، شہوت بندی کرنے یا کسی بھی مقصد کے لیے کسی مَرد یا عورت پر کسی بھی کام کی بندش لگانی ہو تو یہ نقش زوالِ ماہ (چاند کی آخری تاریخوں) میں لکھا جاتا ہے۔ جس پر بندش کرنی ہو اُس کا نام اور جس چیز کی بندش کرنی ہو وہ نقش پر لکھ کر سیہ جانور کے کانٹے میں پرو کر چھپا کر رکھ دیں تو بندش لگ جائے گی۔ جب تک کانٹا نکال کر پھینک نہ دیں گے بندش ختم نہیں ہوگی۔



# کسی بھی کام کی بندش لگا دینا


اگر کسی مخالف پر کسی کام کی بندش لگانی ہو یا اُس سے اپنی مرضی کی بات منوانی ہو تو یہ طلسم اتوار یا منگل کے روز لکھ کر ساتھ اپنا مقصد لکھ کر وزنی چیز کے نیچے دبا دیں تو مخالف پر بندش لگ جائے۔ بندش کھولنے کے لیے طلسم وزنی چیز سے نکال کر جلا دیا جائے تو بندش ختم ہو جائے۔





# موذی دُشمن کی ہلاکت کا عمل


حت اور موذی دُشمن کی ہلاکت کے لیے یہ نقش اُلو کے خون سے لکھ کر ساتھ چتا کی راکھ رکھ کے نقش پر دُشمن کا نام لکھ کر اگر کسی ویران کنویں میں پھینک دیں یا کسی سُوکھے درخت سے باندھ دیں تو چند دن میں دُشمن جان سے جائے۔






# ظالم اور خطرناک دُشمن کے گھر میں ہوائی چیزیں مسلّط کرنا

اگر کوئی ایسا دُشمن ہو جس سے جان کو خطرہ ہو اور وہ اپنے بُرے عزائم سے باز نہ آ رہا ہو تو یہ تین نقش اتوار یا منگل کے روز لکھ کر جلائیں اور اُن کی راکھ اُس گھر کی دیوار پر پھینک دیں۔ دُشمن کا گھر برباد ہوگا۔ طرح طرح کی مصیبتیں اور آفات اُس گھر پر مسلط ہوں گی۔ دُشمن بیمار ہوگا۔ ناجائز عمل کرنے پر خود اپنے نقصان کا اندیشہ ہے۔



# کوکھ بندی کا عمل

کسی عورت کی کوکھ بندی کے لیے یہ طلسم کالی روشنائی سے لکھ کر اس عورت کے پہنے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر جلادیں تو کوکھ بندی ہو جائے گی۔ مگر ناجائز طور پر ایسا عمل کرنے کی مذہب اجازت نہیں دیتا۔



# دشمن سے حفاظت، دشمن کا وار اور جادو واپس پلٹانا


اتوار یا بدھ کے روز بڑے کاغذ پر یہ طلسم بنا کر یا اس کی فوٹو کاپی کروا کر نیچے دشمن کا نام یا اُس کے نام کے اعداد لکھ کر جلائیں اور اُس کی راکھ دشمن کے گھر کے آس پاس پھینک دیں۔ اس عمل سے دشمن کا کیا ہوا جادو خود اُس پر واپس پلٹ جائے گا اور اُسے دگنی طاقت بن کر برباد کرے گا۔





# کسی پر جن بھوت پریت مسلط کرنا


نقش سورج طلوع ہونے کے بعد لکھ کر مخالف کا نام یا نام کے اعداد لکھ کر نقش کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا کر رکھیں تو مخالف پر جنات مسلط ہوں۔ اگر بھوت پریت یا جنات کو مخالف سے ہٹانا ہو اثر ختم کرنا ہو تو تعویذ پتھر کے نیچے سے نکال کر جلا دیں۔ اثر ختم ہوگا۔






# سفلی شیطانی جن کی تسخیر

سفلی شیطانی جن کو عداوت جدائی دُشمن کی تباہی اور دیگر اعمالِ شر کے لیے اس عمل کے ذریعے تسخیر کیا جاتا ہے۔ طلسم کو تانبے کے چراغ میں کھدوا کر چراغ جلا کر تنہا کمرے میں دائرہ لگا کر کنڈلی مار کر بیٹھا جاتا ہے اور ایک طلسم کو کاغذ پر لکھ کر روئی لپیٹ کر چراغ میں جلایا جاتا ہے۔ یہ سات روز کا جلالی عمل ہے۔ اپنے اُستاد کے مشورہ اور اجازت سے عمل کریں یا کسی نیک بزرگ سے رہنمائی حاصل کریں۔



# آسیب جنّات اور بھوت پریت کا خاتمہ


اگر کسی شخص مَرد یا عورت پر یا کسی گھر میں جنّات آسیب کا اثر ہو تو یہ نقش موٹے سفید کاغذ پر لکھ کر مریض کے بدن پر مَل کر اور گھر کی دیوار پر رگڑ کر جلا دیں۔ ساتھ حرمل جلا کر اُس کی دُھونی دیں۔ بہت جلد آسیب وغیرہ کا اثر ختم ہو جائے گا۔





# آسیب، جنّات، بھوت پریت سایہ سے چھٹکارہ

ہر قسم کی شیطانی ارواح، بھوت پریت آسیب جنّات سے نجات کے لیے اس طلسم کو متاثرہ جگہ یا گھر میں موم جامہ کر کے ڈوری سے لٹکا دیں۔ بد روحیں اور شیطانی چیزیں وہاں سے فرار ہوں گی۔ تین دن بعد اُس جگہ لوبان کی دھونی دیں۔ تمام بد روحوں سے نجات ہوگی۔




# کسی عامل یا جادوگر کا عمل سلب کر دینا اور بیکار کر دینا

اگر کسی دُشمن یا جادُوگر کے کیے ہوئے عمل کو سلب کر کے چھین لینا اور بیکار کرنا ہو تو اس طلسم پر اُس جادوگر کا نام لکھ کر ندی میں بہادیں اور ایک طلسم پر طلسم کے نیچے جادوگر نے جس مقصد کے لیے عمل کیا ہو یا کرتا ہو وہ لکھ کر طلسم کو جلادیں۔ جادوگر کا عمل بیکار ہو جائے گا۔




# آسیب جن بھوت پریت سایہ کا علاج

اگر کسی پر جن بھوت پریت آسیب مسلط ہو اور وہ اُس مریض کو تنگ کرتا ہو تو اِس طلسم کو لکھ کر مریض کے جسم پر پھیریں اور پھر اس نقش پر سات جوتے مار کر آگ لگا دیں اور دھوئیں کی دُھونی مریض کے کمرے میں دیں۔ جب اِس طلسم کو آگ لگائیں تو اِس میں تھوڑا لوبان اور حرمل بھی رکھ لیں۔ تین سے سات روز عمل کرنے سے جن بھوت پریت جل جائے گا اور مریض تندرست ہو گا۔



# فلیتہ برائے آسیب


ہر قسم کے آسیب، بُھوت پریت کو ختم کرنے کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس فلیتے کو لکھ کر آسیب زدہ کے جسم پر پھیر کے فلیتے کو جلا دیں اور مریض کے کمرے میں دُھونی دیں۔ آسیب جل جائے گا۔



# گھر سے جادو کا خاتمہ


اگر کسی گھر، مکان، فیکٹری، ہوٹل، سکول یا کسی بھی جگہ کسی نے زبردست جادو کیا ہو تو یہ نقش چار عدد بنا کر اُس جگہ یا گھر میں چار کونوں میں ایک ایک نقش لٹکا دیں۔ کچھ دن میں جادو کا خاتمہ ہوگا۔

यन्त्राकार रक्षपदेय




# آسیب، بد روحوں سے نجات، دشمن کو بھگانا

یہ عمل دشمن کے خاتمے اور بھوت پریت سے نجات کیلئے ہے۔ اس عمل کو خاتمہ دشمن کے لیے بھوج پتر پر دشمن کے نام کے اعداد کے ساتھ لکھیں اور بھوت پریت کے لیے کیلے کے پتر پر لکھیں اور جلائیں۔ جیسے جیسے پتر جلے گا ویسے ویسے بھوت پریت اور دشمن کا خاتمہ ہوگا۔ تین بار یا پانچ بار عمل کریں۔



# مریض کی صحت یابی کا عمل

ہر قسم کے مریض کے لیے یہ نقش زرد رنگ یا زعفران سے لکھ کر لپیٹ کر بتی بنا کر گھر میں جلائیں اور تعویذ جلانے سے پہلے گھر میں اچھی طرح صفائی کروائیں۔ تین دن روزانہ ایک تعویذ جلائیں اور مریض کا علاج جاری رکھیں۔ خدا کے حکم سے بہت جلد مریض کو شفاء ہو گی۔




# عملِ حصولِ اولاد

یہ بابرکت طلسم اُن خواتین وحضرات کے لیے تحفہ ہے جن کو اولاد کی نعمت حاصل نہیں۔ اِس طلسم کو تین عدد لکھیں ایک میاں، دوسرا بیوی گلے میں ڈالے، تیسرا طلسم دودھ میں گھول کر میاں بیوی پیئیں اور ہمبستری کریں۔ یاد رہے یہ طلسم عورت کے خصوصی ایام کے فوراً بعد استعمال کریں۔ غسل کے وقت یا واش روم جاتے وقت نقش اُتار کر جائیں۔ خدا نے چاہا تو اولادِ نرینہ حاصل ہوگی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۳۹ | ۷۵۱ | ۷۷۷ | ۷۱۷ |
| ۷۷۱ | ۷۰۳ | ۷۲۳ | ۷۶۵ |
| ۷۰۹ | ۷۸۹ | ۷۴۷ | ۷۳۷ |
| ۷۵۳ | ۷۱۱ | ۷۱۵ | ۷۸۳ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۵ | ۲۲۵ | ۲۸۳ | ۲۰۳ |
| ۲۷۷ | ۲۰۹ | ۲۳۹ | ۲۷۱ |
| ۲۱۵ | ۲۱۵ | ۲۵۳ | ۲۲۲ |
| ۲۵۹ | ۲۳۷ | ۲۲۱ | ۲۸۹ |




| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۴۴ | ۳۶۴ | ۲۸۳ | ۳۰۳ |
| ۲۸۴ | ۳۰۸ | ۲۲۸ | ۲۷۰ |
| ۳۱۴ | ۲۹۴ | ۲۵۲ | ۲۲۲ |
| ۲۵۸ | ۲۲۶ | ۲۲۰ | ۲۸۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۹۵ | ۲۱۳ | ۲۲۱ | ۱۵۱ |
| ۲۲۵ | ۱۵۳ | ۱۸۷ | ۲۱۲ |
| ۱۶۲ | ۲۱۲ | ۲۰۱ | ۱۸۱ |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |


# جوان، حسین خوبصورت اور پُرکشش بننے کا عمل

چہرے کی دِلکشی وخوبصورتی اور جسمانی حُسن اور کشش کے لیے یہ نقش لکھ کر پانی میں ڈبو کر اس پانی سے نہائیں تو حُسن بے مثال کا لقب پائیں۔ایک نقش صرف ایک بار ہی استعمال ہوگا۔



# جاذبی دلکشی اور پریوں جیسا حُسن

اگر کوئی لڑکی یا عورت دلکشی رعنائی اور بے پناہ حُسن اور پریوں جیسی خوبصورتی چاہتی ہو تو یہ طلسم سندھور سے لکھ کر اپنے بازو یا کمر سے باندھے۔ ایسا حسن ہو گا کہ لوگ رشک کریں گے۔





# زمین یا جائیداد کا قبضہ چھڑانا، دُشمن کو بھگانا

اگر کسی نے جگہ زمین گھر یا کسی بھی چیز پر جبراً قبضہ کر لیا ہو اور وہ کسی بھی صورت میں قبضہ نہ چھوڑتا ہو تو اِس طلسم کو نام دُشمن کے لکھ کر اُس جگہ میں دبا دیں تھوڑے دنوں میں قابض خود اُس جگہ سے فرار ہوگا۔



# چوری اور غصب شدہ مال اور جائیداد واپس لینا

اگر کسی کا کوئی مال، روپیہ چوری ہو گیا ہو یا کسی نے زبردستی روپیہ، مال یا جائیداد ہتھیا لی ہو اور وہ واپس نہ کرنے کے درپے ہو تو یہ طلسم مقناطیس پر رگڑ کر طلسم پانی میں ملائیں اور وہ پانی راستے میں گرا دیں۔ بہت جلد مسروقہ روپیہ مال یا جائیداد وہ شخص واپس کرے گا۔ واپس نہ کرنے پر اپنا بھاری نقصان اٹھائے گا۔



# قبضہ کی جگہ خالی کروانا


اگر کسی نے کسی کی جگہ پر قبضہ کر لیا ہو۔ مکان، زمین یا کاروبار پر اور کسی بھی طرح وجگہ خالی نہ کرتا ہو تو اِس عمل کو لکھ کر نیچے اپنے مقصد کو لکھیں اور نقش اُس قبضہ کی ہوئی جگہ میں دبا دیں۔ ناجائز قبضہ کرنے والا کچھ دنوں میں ہی وہ جگہ خالی کر دے گا۔



พ่อแกหน้าเสือ

# زمین، جائیداد کا قبضہ چھڑوانا، اپنا حق حاصل کرنا

اگر کسی مخالف نے مکان/دکان، پلاٹ، زمین یا دیگر جائیداد پر ناجائز قبضہ کیا ہو تو مخالف سے قبضہ چھڑوانے اور اپنا حق وصول کرنے کے لیے یہ دو طلسم ہنومان تیار کر کے ایک پر اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد لکھ کر اُس جگہ یا اُس جگہ کے آس پاس یہ طلسم زمین میں دبا دیں۔ اور دوسرے طلسم پر مخالف کا نام لکھ کر شمال سے جنوب یا مشرق سے مغرب کی طرف بہنے والے دریا یا نہر میں بہا دیں۔ تھوڑے ہی عرصہ میں مخالف قبضہ چھوڑنے پر مجبور ہوگا۔







# طلسم برائے لاٹری۔ قسمت۔ پرائز بانڈ۔ کامیابی


پیر، منگل یا بدھ کے روز یہ طلسم لکشمی تیار کر کے سُرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر بہتے پانی میں بہا دیں۔ قسمت، لاٹری، پرائز بانڈ اور دیگر انعامی سکیم میں کامیابی ہوگی۔





# طلسم حصول نوکری اور ویزہ

بیرون ملک سفر میں رکاوٹ آتی ہو، ویزہ کے مسائل ہوں یا کسی دوسرے شہر نوکری حاصل کرنی ہو یا تبادلہ کروانا ہو، اس نقش کی بدولت بہت آسان ہے۔ اس نقش کو بنا کر چاندی یا تانبے کے پترے پر نیچے مقصد لکھیں اور ہلکی آگ پر رکھیں۔ 21 دن کے اندر اندر ویزہ بیرون ملک سفر یا نوکری و تبادلہ کا معاملہ حل ہو جائے گا۔




# مَن پسند عہدہ۔ کاروبار میں عروج ملازمت میں ترقی

چاند کی طاق تاریخ میں یہ نقش اعلیٰ کاغذ پر لکھ کر یا پھر تانبے یا چاندی کے پترے پر کھدوا کر کسی ایک مقصد کے لیے اپنے پاس رکھیں تو جس مقصد کے لیے بھی لکھیں خدا کے فضل سے وہ پورا ہو۔



# برائے ترقی ملازمت تسخیر افسران


کسی بھی روز اِس عمل کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے ہر کوئی آپ سے محبت سے پیش آئے گا۔ افسران کی تسخیر ہوگی۔ نوکری اور کاروبار پر ہر کوئی بہت نرمی اور محبت سے پیش آئے گا۔ عزت ہوگی اور ملازمت میں بتدریج ترقی ہوگی۔



လိုရာကိုသုံး ဝိုးဝလုံး

# کاروبار اور ملازمت میں ترقی اور ہر کام میں کامیابی

ہوٹل، دُکان، فیکٹری، کاروبار کو بڑھانے اور ملازمت میں ترقی اور کامیابی کے لیے یہ طلم عروج ماہ میں (چاند کی پہلی تاریخ سے 14 تاریخ تک) لکھ کر پھل دار درخت سے باندھ دیں۔ سُرخ کپڑے میں لپیٹ کر باندھیں۔




# انتخابات میں کامیابی، حصولِ اقتدار وزارت صدارت بادشاہت

اقتدار کے حصول، سلطنت بادشاہت اور بلندی مرتبہ کے لیے اس طلسم کو سونے کے پترے پر لکھ کر چودہ راتیں چاند ستاروں کی روشنی میں عرق گلاب کے اندر رکھے۔ روزانہ صبح سویرے طلوع ہونے سے پہلے اندھیرے میں رکھ دے۔ بہت جلد بلندی مرتبہ اور قسمت کا ستارہ چمکے گا اور اقتدار کا سورج طلوع ہوگا۔ عمل میں جلد کامیابی نہ ہونے پر بھی خدا سے اُمید کا دامن نہ چھوڑے۔ بالآخر مقدر میں کامیابی ہی ہوگی۔



# عیش ونشاط کی زندگی

اس طلسم کو اپنے نام کے ساتھ لکھ کر جو بھی اپنے پاس رکھے گا وہ شخص ہمیشہ عیش ونشاط کی زندگی گزارے گا۔ بدنظری یا بندش وغیرہ سے محفوظ رہے گا اور قسمت کا دھنی رہے گا۔



# زمین میں دفن شدہ قدیم خزانے اور زیورات کا پتہ لگانا

زمین کے اندر موجود قدیم دَور کے نوادرات اور جواہرات کا کھوج لگانے کے لیے یہ طلسم لوہے پر کَندہ کر کے سُرخ ڈوری سے باندھ کر جہاں پر خزانہ موجود ہونے کا امکان ہو ڈوری لٹکائیں۔ اگر ڈوری دونوں طرف گھومے گی تو خزانہ موجود ہونے کا امکان نہیں ہوگا۔ اگر ڈوری صرف ایک طرف کو گھومے تو وہاں پر خزانہ یا قدیم نوادر موجود ہوں گے۔



# لاٹری، پرائز بانڈ، کمیٹی وغیرہ کا عمل

یہ طلسم چاند کی طاق تاریخ کو موٹے گتے پر لگا کر اُس پر اپنا مقصد لکھیں اور آگ میں جلائیں۔ طاق تاریخوں میں تین دن جلائیں۔ لاٹری، پرائز بانڈ، کمیٹی اور مقابلے میں جیت ہوگی۔



# لاٹری، پرائز بانڈ اور قسمت کا خاص عمل

قسمت، لاٹری، پرائز بانڈ اور کمیٹی میں کامیابی کے لیے یہ طلسم مور کے پَر کے ساتھ ڈبی میں بند کر کے پاس رکھا جاتا ہے۔ ایک طلسم ایک شخص کے لیے ہی موثر ہے۔




# لاٹری، پرائز بانڈ اور قسمت کا خاص عمل

قسمت، لاٹری، پرائز بانڈ اور کمیٹی میں کامیابی کے لیے یہ طلسم مور کے پَر کے ساتھ ڈبی میں بند کر کے پاس رکھا جاتا ہے۔ایک طلسم ایک شخص کے لیے ہی موثر ہے۔




# نوکری اور کاروبار میں ترقّی۔ قسمت لاٹری کمیٹی میں کامیابی

کاروبار، ملازمت میں ترقی اور لاٹری، کمیٹی اور کھیلوں میں کامیابی کے لیے یہ طلسم بہت پُر اثر ہے۔ پیر یا جمعہ کے روز سبز رنگ کے کاغذ پر نقش لکھ کر یا فوٹو کاپی کروا کر طلسم سبز رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر کسی پھل دار درخت سے لٹکا دیں۔ ترقی اور قسمت میں اضافہ کا مجرّب عمل ہے۔



## کاروبار کی ترقی۔ لاٹری۔ قسمت۔ پرائز بانڈ۔ جیت

چاند کی پہلی تاریخ سے چودہ تاریخ تک کسی بھی روز یہ طلسم لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اُس کی قسمت کا ستارہ چمکے گا۔ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا وہ پورا ہوگا۔ لاٹری۔ پرائز بانڈ۔ انعامی سکیم وغیرہ میں جیت یقینی ہوگی۔




# عہدہ یا ملازمت میں ترقی۔قسمت۔مال و دولت۔خزانہ۔

# لاٹری۔پرائز بانڈ۔انعامی سکیم۔فتح و نصرت

چاند کی پہلی یا چودہ تاریخ کو یہ نقش گلابی کاغذ پر لکھ کر یا فوٹو کاپی کروا کر پاس رکھے یا چاندی پر کندہ کر کے پاس رکھنے پر فتح و نصرت کے ہر کام کے لیے زود اثر ہے۔قسمت،عہدہ میں ترقی،لاٹری پرائز بانڈ میں کامیابی۔مال و دولت حاصل کرنے،خزانے کی تلاش اور ہر کامیابی کیلئے یہ ایک حیرت انگیز طلسم ہے۔





# کسی جگہ یا زمین سے قبضہ چھڑوانا

اگر کسی کی زمین گھر یا کاروبار یا کسی بھی چیز پر کسی نے قبضہ کر رکھا ہو اور کسی بھی صورت میں نہ چھوڑتا ہو تو اِس عمل کو اُس شخص اور اُس کے باپ کے نام کے ساتھ لکھ کر اس جگہ پر دبا دیں وہ شخص جگہ خالی کر جائے گا۔ کامیابی کے بعد تعویز نکال کر زمین سے دریا میں بہا دیں۔



# قبضہ کرنا۔ جگہ خالی کرانا یا خریدنا


اگر کسی جگہ پر کوئی شخص قبضہ کرنا چاہتا ہو یا وہ جگہ خریدنا چاہتا ہو اور مالک مطلوبہ جگہ نہ چھوڑتا ہو تو اس طلسم کو لکھ کر اُس جگہ پر دبا دیں تو مالک مطلوبہ جگہ فروخت کرنے پر راضی ہو گا اور وہ جگہ چھوڑ دے گا۔

*নোট আমার
① যদি ঐ মালিকের বাড়ি ২ বছরে মধ্যে পাবে
② যে জায়গা ওর বাড়ি দখলাম. গাছে
③ আমার মাঠিলাতে ওরে টাকা (খরচলে)



# بُری وباء بیماری اور آفات سے حفاظت


جب کوئی وباء پھیل جائے یا بیماری بڑھ جائے تو اُس سے محفوظ رہنے اور دیگر آفات سے حفاظت کے لیے یہ طلسم لکھ کر حرمل کے ساتھ جلائیں اور گھر میں حرمل کی دُھونی دیں۔ بیماری، جراثیم اور وائرس ختم ہوں گے اور حفاظت رہے گی۔



ควายธนู

# ہر قسم کے مرض سے شفاء

بیماری کے خاتمہ کے لیے پیر، بدھ یا جمعہ کے روز ہر طلسم لکھ کر پانی میں دھوئیں اور وہ پانی مریض کے گھر میں چھڑک دیں۔ مریض کا اچھے طبیب سے علاج جاری رکھیں۔ جلد شفایاب ہوگا۔



# طاقتور جن کو اپنے تابع کرنے کا عمل

چاند کی پہلی منگل یا بدھ کو دوپہر کے وقت یہ نقش و طلسم لکھ کر الگ تنہا کمرے میں حصار کر کے فرش پر دوزانو ہو کر بیٹھ کر نقش اپنے سامنے رکھیں اور یہ منتر 108 مرتبہ پڑھیں۔ تین دن کا وقفہ کر کے پھر عمل شروع کریں اور اُسی طریقہ پر بیٹھ کر 11 دن روزانہ 98 مرتبہ پڑھیں۔ جن کی حاضری پر اپنے حواس قائم رکھتے ہوئے اُس سے بات چیت کریں۔ جن تابع ہو جانے کے بعد 31 بار منتر پڑھنے پر جن حاضر ہوگا۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے اچھے اُستاد اور نیک بزرگ سے اجازت اور مشورہ لیں۔


منتر: اوم اوم گلمن بارنمہ اووستاگ جلی






# کسی اور کے تسخیر کیئے ہوئے ہمزاد کو اپنے قابو میں کرنا

اس عمل کی بدولت کسی بھی شخص یا عامل کے ہمزاد کو جو کہ جاگا ہوا ہو، اپنے قابو میں کر لیا جاتا ہے اور ہر کام لیا جاتا ہے۔ چاند کی پہلی بدھ کو طلسم کے دائیں ہاتھ پر اپنا نام اور بائیں ہاتھ پر ہمزاد والے شخص کا نام لکھ کر چراغ جلائیں اور طلسم کو چراغ کے تیل میں ڈبو دیں۔ اور دائرہ لگا کر حصار کر کے بیٹھ جائیں اور دیہان چراغ کی لَو پر رکھیں۔ ہمزاد کے حاضر ہونے پر بات چیت کریں۔ تین رات کا عمل ہے۔ اپنے اُستاد سے اجازت لے کر عمل کریں۔ مصنف کی طرف سے اجازت ہے، مگر پھر بھی اپنے اُستاد سے احتیاطاً مشورہ لے لیں۔ ہمزاد کے اعمال کی شرائط اور اصول وضوابط سیکھ کر عمل کریں۔




# کسی کے تابع ہمزاد کو اپنے تابع کرنا

اگر کوئی کسی کے ہمزاد کو اپنے قابو میں کرنا چاہے تو یہ طلسم پیر یا بدھ کے روز لکھ کر ہمزاد والے شخص کے نام کے اعداد طلسم پر لکھ کر طلسم کو جلا دے اور تین دن بعد دوبارہ طلسم بنا کر اپنے نام کے اعداد طلسم پر لکھ کر پاس رکھے۔ ہمزاد فوراً حاضر ہوگا اور قول وقرار کر کے تابع داری کرے گا۔ عمل اُستاد کے مشورہ اور اجازت کے بغیر ہرگز نہ کیا جائے۔



# ظالم دشمن کو جو سزا چاہیں وہی ملے

اتوار یا منگل کے روز دوپہر کو یہ طلسم لکھ کر اس پر چتا کی راکھ یا ویران جگہ کی مٹی ڈال کر دشمن کے نام کے اعداد لکھ کر جلائیں اور راکھ دشمن کے گھر یا راستے میں ڈال دیں۔ ظالم اور خطرناک دشمن کے لیے جو سزا چاہو گے وہی سزا وہ پائے گا۔




# دُشمن پر رُعب، دَبدبہ، طاقت اور کامیابی

یہ طلسم بدھ یا ہفتہ کے دن صبح سورج طلوع ہونے کے بعد بارہ بجے سے پہلے تیار کر کے شیر کی مونچھ یا کیکر کا کانٹا تعویز میں چبھو کر دُشمن کا نام لکھ کر کسی بڑے درخت کی جڑ میں دبا دیں۔ دُشمن پر ہیبت، رُعب اور دَبدبہ رہے گا اور وہ فتنہ انگیزی سے باز رہے گا۔



# ظالم دُشمن بیمار رہو اور سزا پائے

اتوار یا منگل کے روز یا اماوس کی رات کو ایک طلسم لکھ کر منہ میں نیم کا پتّہ رکھ کر سات بار دُشمن کا نام لے کر طلسم کو شمشان گھاٹ کے پاس یا ویران جگہ ڈال دیں اور ایک طلسم پر سَیہ جانور کا کانٹا چبھو کر خفیہ جگہ رکھ دیں۔ دُشمن بیمار ہو کر پلنگ پر پڑا رہے گا۔ جب طلسم سے کانٹا نکالیں گے تو مریض ٹھیک ہو گا۔




## دُشمن، اُس کا کاروبار اور جائیداد تباہ

یہ طلسم اور چار رتی اُلّو کے ناخون پانی کی بوتل میں ڈال کر وہ پانی اگر دُشمن کے راستے میں گرادیں اور ایک طلسم پر دُشمن کا نام لکھ کر سوکھے درخت سے لٹکا دیں تو دُشمن کا خانہ خراب ہو جائے۔ کوڑی کوڑی کا محتاج ہو جائے۔




# خاوند بیوی میں جھگڑے ختم کر کے بے پناہ محبت پیدا کرنیوالا عمل

خاوند اور بیوی کے درمیان گھر میں فساد اور لڑائی جھگڑے ختم کر کے مثالی محبت پیدا کرنے والا عمل ہے۔ آسام، بنگال کا قدیم عمل ہے۔ طلسم لکھ کر خواب گاہ (بیڈ روم) میں چھپا کر کسی وزنی چیز کے نیچے تین دن رکھیں۔ خاوند بیوی کے لیے، بیوی خاوند کے لیے یا گھر کا تیسرا شخص دونوں میاں بیوی کے لیے عمل کر سکتا ہے۔



# تسخیر، محبت، شادی، کاروبار، ترقی، لاٹری حصول جائیداد

طلسم بے پناہ خوبیوں کا مالک ہے۔ چاند کی چودہ تاریخ کو یہ طلسم تیار کر کے اُس پر اپنا مقصد لکھیں اور عقیق پتھر پر رگڑیں۔ تسخیر، محبت، شادی، کاروبار، مال و دولت، ترقی، قسمت، لاٹری ہر مقصد کے لیے مفید ہے۔ عقیق پتھر پر کندہ کر کے انگوٹھی میں بھی پہن سکتے ہیں۔



# آسیب سایہ، کنکر، مٹی، خون کے چھینٹے وغیرہ ختم کرنا

اگر کسی گھر میں شیطانی اثرات، آسیب سایہ یا خون، مٹی کنکر وغیرہ گرتے ہوں، برتن ٹوٹتے ہوں، کپڑے پھٹ جاتے ہوں یا جنات شیاطین کسی بھی طرح تنگ کرتے ہوں تو یہ طلسم پیر بدھ اور ہفتہ کے دن گھر میں جلائیں۔ تمام اثرات ختم ہوں گے۔



# جن بھوت آسیب کو حاضر کرنا یا اُتارنا

کسی بھی جن بھوت کو قابو کرنا ہو یا کوئی سفلی جن تنگ کرتا ہو یا کسی پر جن ہو اور وہ اُتارنا ہو تو اِس طلسم کو لکھ کر بتی بنا کر چراغ میں جلائیں اور اپنے گرد دائرہ لگا لیں جب جن حاضر ہو جائے تو اس سے کام لینے کا وعدہ لیں۔ آسیب کو جلانے یا بھگانے کے لیے تین طلسم بنا کر بتیاں بنا کر جلائیں۔ صرف عامل خواتین و حضرات یہ عمل کریں جنہیں جنات کے اعمال کا تجربہ ہو۔

